فوری ریلیز کے لیے: 25/8/2022 **گورنر KATHY HOCHUL**

**گورنر HOCHUL کی جانب سے صاف ہائیڈروجن کے علاقائی مرکز کی تجویز کے لیے مین اور جزیرۂ رہوڈ کی کثیر ریاستی معاہدے میں شمولیت کا اعلان**

***نیویارک کی زیرِ قیادت کثیر محکمہ کنسورشیم میں اب چھ ریاستیں اور 60 سے زیادہ ہائیڈروجن ایکو سسٹم پارٹنرز شامل ہیں***

***شراکت دار بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری اور ملازمتوں کے وفاقی ایکٹ کی فنڈنگ کے لیے تجاویز تیار کریں گے، جس میں ستمبر/اکتوبر میں کُل 8$ بلین تک کی فنڈنگ دستیاب ہونا متوقع ہے***

***سنہ 2050 تک گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 85 فیصد کم کرنے کے لیے موسمیاتی قیادت اور علاقائی تحفظ کے ایکٹ کے ہدف کی حمایت کرتا ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ مین اینڈ رہوڈ جزیرہ نیویارک کی زیرِ قیادت کثیر ریاستی معاہدے پر دستخط کر کے، کنیکٹی کٹ، میساچوسٹس اور نیو جرسی کے ساتھ شامل ہو گیا ہے تاکہ دو طرفہ بنیادی ڈھانچوں میں سرمایہ کاری اور ملازمتوں کے ایکٹ میں شامل علاقائی کلین ہائیڈروجن مراکز کے وفاقی پروگرام کے ذریعے نامزد کردہ صاف ہائیڈروجن کے کم از کم چار علاقائی میں سے ایک مرکز بننے کے لیے تجویز تیار کرے۔ چھ ریاستوں کا اتحاد اور اب 60 سے زائد صاف ہائیڈروجن ایکو سسٹم کے شراکت دار امریکہ کے محکمۂ توانائی کے فنڈنگ کے مواقع کے لیے ایک تجویز کی بنیاد رکھ رہے ہیں جس کا اعلان ستمبر یا اکتوبر میں متوقع ہے جس میں کُل فنڈز کی مد میں 8$ بلین تک دستیاب ہونے کی توقع ہے۔ آج کا اعلان صاف ہائیڈروجن کے بنیادی ڈھانچے کی تعیناتی میں ہر ریاست کی قیادت کو آگے بڑھاتا ہے اور سنہ 2050 تک گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 85 فیصد کم کرنے کے نیویارک کے موسمیاتی قیادت اور علاقائی تحفظ کے ایکٹ کے ہدف کی حمایت کرتا ہے۔

**گورنر Hochul نے کہا،** "نیویارک کو شراکت داروں کے اس متنوع اور متحرک گروپ میں مین اینڈ رہوڈ جزیرے کا خیرمقدم کرتے ہوئے خوشی ہے کیونکہ ہم صاف ہائیڈروجن کے علاقائی مرکز کے لیے ایک وژن کو تیار کرنے اور لاگو کرنے کے لیے اپنا کام جاری رکھے ہوئے ہیں جو ہمارے آب و ہوا کے مشترکہ اہداف کو آگے بڑھاتا ہے۔ شمال مشرق میں صاف ہائیڈروجن کی ایک مضبوط اور مربوط مارکیٹ کی تعمیر صاف توانائی کا ایک کایا پلٹ متبادل فراہم کرے گی جو 21 ویں صدی کی جدت کو آگے بڑھاتے ہوئے اور پورے خطے میں مضبوط اقتصادی ترقی کو متحرک کرتے ہوئے ہمارے آب و ہوا کے مشترکہ اہداف کو پورا کرنے کی ہماری صلاحیت کو تبدیل کر دے گا"۔

مارچ میں ابتدائی اعلان کے بعد سے، نیویارک نے تزویراتی شراکت داروں کو شامل کرنا جاری رکھا ہے جس میں اب 14 نجی شعبے کی صنعت کے رہنما، 12 یوٹیلٹیز، 20 ہائیڈروجن ٹیکنالوجی اوریجنل ایکوپیمنٹ مینوفیکچررز (OEMs)، 10 یونیورسٹیاں، سات بلا منافع کام کرنے والے ادارے، پانچ دیگر ریاستیں، دو ٹرانسپورٹ کمپنیاں اور تین ریاستی ایجنسیاں شامل ہیں۔ نیویارک ان ریاستوں اور اداروں کے ساتھ مشغولیت جاری رکھے گا جو شمولیت میں دلچسپی رکھتے ہیں، تاکہ خطے کو ایک قابل عمل صاف ہائیڈروجن مرکز کے طور پر مزید مستحکم کیا جا سکے۔

مین اور جزیرۂ رہوڈ کے علاوہ، نئے شراکت داروں میں شامل ہیں:

- Advent Technologies
- Ambient Fuels
- Amogy, Inc .
- Charbone Hydrogen Corporation
- Connecticut Green Bank
- Edgewise Energy
- EDP Renewables North America
- Equinor
- H2/HPA Sonics
- Hyzon Motors Inc .
- Infinity Fuel Cell and Hydrogen, Inc .
- National Fuel Gas Distribution Corporation
- Nel Hydrogen
- NECEC (Northeast Clean Energy Council اور NECEC Institute)
- Northville Industries Corp .
- NovoHydrogen, Inc .
- Pratt & Whitney
- Precision Combustion, Inc .
- Rensselaer Polytechnic Institute
- Rhode Island Energy
- Siena College
- Skyre, Inc .
- Peaks Renewables and Summit Utilities, Inc .
- University of Connecticut

کنسورشیم کے شراکت داروں نے ریاست نیویارک کی توانائی کی تحقیقی و ترقیاتی اتھارٹی (NYSERDA)، نیویارک بجلی کی اتھارٹی (NYPA)، اور ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ (ESD) کے ساتھ صاف ہائیڈروجن منصوبوں کو آگے بڑھانے کے لیے تجویز کی تیاری پر تعاون کرنے کا عہد کیا ہے۔ شراکت دار ریاستیں ہر ریاست کے آب و ہوا اور صاف توانائی کے اہداف کے ساتھ کنسورشیم کی کوششوں کو ہم آہنگ کرنے میں مدد کے لیے اپنے متعلقہ ریاستی اداروں کے ساتھ ہم آہنگی بھی کریں گی۔ ان میں سنہ 2050 تک گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 80 فیصد تک کم کرنے کا کنیکٹیکٹ کا عالمی حدت کے حل کے ایکٹ کا ہدف، سنہ 2050 تک کاربن کے بالکل صفر تک پہنچنے کا میساچوسٹس کا ہدف، گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 80 فیصد تک کم کرنے کا نیو جرسی کا عالمی حدت پر ردِعمل کے ایکٹ کا ہدف، سنہ 2050 فیصد تک گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرنے کا ہدف، سنہ 2045 تک کاربن سے چھٹکارا حاصل کرنے اور سنہ 2050 تک مجموعی گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم از کم 80 فیصد تک کم کرنے کے اہداف اور رہوڈ آئی لینڈ کا سنہ 2033 تک 100 فیصد قابلِ تجدید بجلی حاصل کرنے کا عزم شامل ہیں۔

نیویارک کلائمیٹ ایکشن کونسل ڈرافٹ سکوپنگ پلان، جو دسمبر 2021 میں جاری کیا گیا تھا، کم کاربن والے ایندھنوں جیسے کہ صاف ہائیڈروجن کو ان شعبوں میں موسمیاتی ایکٹ کے اہداف کو حاصل کرنے کی حکمتِ عملی کے ایک اہم جزو کے طور پر شناخت کرتا ہے جنہیں بجلی پر چلانا مشکل ہے، جیسے کہ نقل و حمل اور بھاری صنعتیں۔

**NYSERDA کی صدر اور سی ای او Doreen M. Harris نے کہا،** "مین، جزیرۂ رہوڈ، اور تعلیم، صنعت، افادیت اور غیر منافع بخش شعبے کی نمائندگی کرنے والے تزویراتی شراکت داروں کے اضافے کے ساتھ، ہم نے اختراع سے لے کر حتمی استعمال کی پوری ویلیو چین کی نمائندگی کرنے والے شراکت داروں کے پہلے سے ہی مضبوط اور

متنوع گروپ کو مزید مضبوط کیا ہے۔ مل جُل کر، ہم اس خطے کو صاف ہائیڈروجن میں ایک رہنما کی حیثیت دے رہے ہیں کیونکہ ہم صاف قابلِ تجدید توانائی سے چلنے والی کاربن کے صفر اخراج والی معیشت کے حصول کے لیے مصروفِ عمل ہیں"۔

**نیو یارک پاور اتھارٹی کے عبوری صدر اور سی ای او Justin E. Driscoll نے کہا،** "میں، رہوڈ جزیرہ اور دیگر ہم خیال شراکت داروں کے ساتھ یہ توسیع شدہ تعاون ہماری صاف ہائیڈروجن مرکز کی تجویز کی قدر میں نمایاں اضافہ کرے گا اور شمال مشرق کو ایک مضبوط تر، امریکی توانائی کے محکمے کے ذریعے فنڈنگ کے لیے زیادہ پہلو دار دعویدار بنائے گا۔ اختراعی ٹیکنالوجیز سبز ہائیڈروجن کی صلاحیت کو قدرتی تیل کے متبادل کے طور پر ظاہر کر رہی ہیں اور بہت سے مواقع میں گہرائی سے غوطہ لگانے کا وقت آ گیا ہے جو گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کریں گے، افرادی قوت کو فائدہ پہنچائیں گے اور صاف توانائی کی معیشت کی تعمیر میں مدد کریں گے"۔

**ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، سی ای او اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "نیویارک کے صاف توانائی کے اہداف اس سبز معیشت کی کنجی ہیں جو ہم ایک پائیدار مستقبل کے لیے تعمیر کر رہے ہیں۔ صاف ہائیڈروجن کے علاقائی مرکز کی تشکیل میں ہماری مسلسل قیادت کو ریاستوں اور تزویراتی شراکت داروں نے مزید مضبوط بنایا ہے جنہوں نے ایک تجویز تیار کرنے میں ہمارے ساتھ شمولیت اختیار کی ہے جو وفاقی فنڈنگ اور مستقبل کے مواقع تک رسائی فراہم کرے گی"۔

ان معاہدوں پر عمل درآمد کے ساتھ، شراکت دار مندرجہ ذیل پر مل جُل کر کام کریں گے:

- صاف ہائیڈروجن کے علاقائی مرکز کے لیے مشترکہ وژن اور منصوبوں کی وضاحت کرنا جو علاقے کے باشندوں کی صحت، لچک اور اقتصادی ترقی کو بہتر بناتے ہوئے موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے محفوظ صاف ہائیڈروجن توانائی کی اختراعات اور سرمایہ کاری کو آگے بڑھا سکتے ہیں۔
- ایک مرکز کی تجویز کو آگے بڑھانا جو آب و ہوا اور ماحولیاتی انصاف کو اپنی حکمتِ عملی میں مرکزی بناتا ہے، جو پورے خطے میں وسائل سے محروم علاقوں کو مواقع اور بہتر معیار زندگی فراہم کرے گا۔
- مرکز کی تجویز کی حمایت کرنے کے لیے ضروری تحقیق اور تجزیہ کرنا اور اس ٹیکنالوجی کی تعیناتی کے نتیجے میں گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی کو درست کرنے کے لیے طریقۂ کار کو ہم آہنگ کرنا۔
- تمام شراکت دار ریاستوں میں جدت، پیداوار، بنیادی ڈھانچے اور متعلقہ افرادی قوت کی ترقی کے لیے ماحولیاتی نظام کو یقینی بنانے کے لیے ایک عملی ڈھانچہ تیار کرنا۔
- حصہ لینے والی ریاستوں کی پالیسیوں کے مطابق صاف ہائیڈروجن تیار کرنے کے لیے ماحولیاتی ذمہ دار مواقع کی معاونت کرنا۔

اتحاد قابلِ تجدید ذرائع کے انضمام پر توجہ مرکوز کرتا رہے گا – جیسے کہ ساحل اور سمندر کی ہوا سے بجلی کی تیاری، پن بجلی، اور شمسی توانائی - اور جوہری توانائی کو صاف ہائیڈروجن کی پیداوار میں، اور نقل و حمل میں استعمال کے لیے صاف ہائیڈروجن کی تشخیص، بشمول درمیانی اور بھاری کام کرنے والی گاڑیاں، بھاری صنعت، اور بجلی پیدا کرنے والے آلات یا دیگر مناسب استعمال جو کاربن کے خاتمے کی کوششوں کے مطابق ہوں۔

**جزیرۂ رہوڈ کے گورنر Dan McKee نے کہا،** "جزیرۂ رہوڈ سنہ 2033 تک 100 فیصد قابلِ تجدید بجلی حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ سنہ 2050 تک گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو بالکل صفر تک کم کرنے کا ہدف حاصل والی ملک کی پہلی ریاست بننے کے راستے پر ہے۔ تاہم، موسمیاتی تبدیلی کے خلاف جنگ بین الریاستی اور بین الاقوامی تعاون پر منحصر ہے۔ مجھے نیویارک کے زیرِ قیادت صاف ہائیڈروجن کے علاقائی مرکز میں جزیرۂ رہوڈ کی شمولیت پر فخر ہے کیونکہ ہم اس حیرت انگیز امکان کی جستجو میں ہیں جو ہائیڈروجن فراہم کرتا ہے، ناصرف ایک اضافی صاف توانائی کے وسیلے کے طور پر، ہمارے آمد و رفت اور صنعتی شعبوں میں وسیع اطلاقات کے ساتھ، بلکہ ہماری معیشت میں نئی نوکریوں میں اضافہ کر کے بھی"۔

**مین کے گورنر کے دفترَ توانائی کے ڈائریکٹر Dan Burgess نے کہا،** "صاف ہائیڈروجن ایک دلچسپ ٹیکنالوجی ہے جس میں اقتصادی ترقی کی صلاحیت ہے جو قدرتی تیل میں سے گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کر سکتی ہے۔ ہم علاقائی شراکت داروں کے ساتھ مل کر صاف ہائیڈروجن کے مواقع کو آگے بڑھانے، دو طرفہ بنیادی ڈھانچے کے قانون کے فوائد کو زیادہ سے زیادہ کرنے، اور اپنی ریاست کو اپنے ماحول اور معیشت کو موسمیاتی بحران کے اثرات سے بچانے میں مدد دینے کے منتظر ہیں"۔

**Advent Technologies کے چیئرمین اور چیف ایگزیکٹو افسر ڈاکٹر Vasilis Gregorious نے بیان دیا،** "ہم امریکہ کی صاف توانائی کی ٹیکنالوجیز پر منتقلی کے لیے نمایاں رفتار کے وقت اس اہم صنعتی شراکت میں شامل ہونے کے لیے پُرجوش ہیں۔ Advent پر ہم سب کا یہ ماننا ہے کہ دنیا روایتی اور قدرتی تیل استعمال کرنے والے آلودگی پھیلانے والے توانائی کے ذرائع کے متبادل کے طور پر صاف ہائیڈروجن اور ایندھن کے خلیوں کو اپنا کر تیزی کے ساتھ کاربن کو ختم کر سکتی ہے۔ اس نئی شراکت داری نے ہمیں مستقبل کے بارے میں جوش اور امنگوں اور ایک صاف ستھرے امریکہ کے امکانات سے بھر دیا ہے۔ ہم کنسورشیم کے شراکت داروں کے ساتھ ساتھ نیویارک سٹیٹ انرجی ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی، نیویارک پاور اتھارٹی، اور ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کے ساتھ کامیاب تعاون کے منتظر ہیں"۔

**Equinor Wind US کی صدر Siri Espedal نے کہا،** "Equinor گورنر Hochul اور NYSERDA کی قیادت میں ایک ہائیڈروجن مرکز بنانے کے لیے اس شراکت داری میں شامل ہونے کے لیے پُرجوش ہے جو علاقائی کاروبار کے لیے مواقع پیدا کرتے ہوئے بڑی صنعتوں کو سبز ٹیکنالوجی کی طرف منتقل کرنے میں مدد کرے گا۔ ایک مؤثر اور ماحول دوست توانائی کے کیریئر کے طور پر، ہائیڈروجن توانائی کی پائیدار ترقی میں اہم کردار ادا کرے گا۔ یہ اہم کوشش ایسی ٹیکنالوجی کو غیر مقفل کرنے میں مدد کرے گی جو خطے کو ہائیڈروجن کی معیشت میں سب سے آگے رکھے گی اور نیویارک کے قابلِ تجدید توانائی کے اہداف کو پورا کرنے میں اہم کردار ادا کرے گی"۔

**Hyzon موٹرز کے صدر اور عبوری سی ای او Parker Meeks نے کہا،** "صاف ہائیڈروجن ویلیو چین کے تمام مراحل کے ساتھ ریاستوں اور صنعت کے ارکان کے درمیان اتحاد ناصرف نیویارک کی زیرِ قیادت اشتراک سے متعلق فنڈنگ کی تجویز کو مضبوط کرتا ہے، بلکہ شمال مشرق میں صاف ہائیڈروجن ماحولیاتی نظام کی طویل المعیاد ترقی کے لیے منصوبہ بندی کے قابل بھی بناتا ہے۔ یہ اشتراک خطے کے بڑے مال بردار راہداریوں کے ساتھ بھاری گاڑیوں کو کاربن سے پاک کرنے کے لیے درکار ایندھن کا بنیادی ڈھانچہ بنانے میں خاص طور پر اہم ہے"۔

**رہوڈ آئی لینڈ انرجی کی نائب صدر برائے گیس آپریشنز Michele Leone نے کہا،** "جزیرۂ رہوڈ کے توانائی فراہم کرنے والے سرکردہ ادارے کے طور پر، ہم اپنے صاف توانائی کے مستقبل کے لیے صاف ہائیڈروجن کے وعدے کی شناخت اور ترقی میں مدد کرنے کے لیے اس کوشش میں شامل ہونے کے لیے پُرجوش ہیں۔ ہم ریاست اور اپنے علاقائی شراکت داروں کی ہمارے صاف توانائی کے مشترکہ اہداف تک پہنچنے میں مدد کرنے کے لیے پُرعزم ہیں اور یہ پہل کاری ان تک پہنچنے کا ایک اہم ذریعہ ہو گی"۔

**UConnکے عبوری نائب صدر برائے تحقیق، اختراع اور کاروباری آغاز ڈاکٹر Pamir Alpay نے کہا،** "صاف اور قابلِ تجدید توانائی کی ضرورت بڑھنے والی ہے اور UConn صاف ہائیڈروجن اور ایندھن کے خلیوں کے لیے اپنی وسیع تحقیقی سرگرمیوں اور تعلیمی سرگرمیوں پر فخر محسوس کرتا ہے۔ ہماری اعلیٰ قیادت سے، UConn نے صاف ستھری، قابلِ تجدید توانائی کو ایک بنیادی تحقیقی ترجیح بنایا ہے، جیسا کہ ہمارے ایوارڈ یافتہ تدریسی عملے، علاقائی اور عالمی صنعتی شراکت داری، اور ہمارے کیمپس میں جدید ترین سہولیات سے ظاہر ہوتا ہے۔ ہماری یونیورسٹی ان مشکلات کا سامنا کرنے کے لیے پُرعزم ہے جو کلین ہائیڈروجن ٹیکنالوجی کی راہ میں پیش آتی ہیں اور کنیکٹیکٹ کے طلباء و طالبات کی نئی نسلوں کو اس میدان میں پیشہ ورانہ زندگی کے لیے تیار کرتی ہے"۔

**میساچوسٹس کے توانائی اور ماحولیاتی امور کے سکریٹری Beth Card نے کہا،** "آب و ہوا کے پُرعزم اہداف، جیسے کہ سنہ 2050 میں گرین ہاؤس گیسوں کے بالکل صفر اخراج تک پہنچنے کے لیے، ہم پر لازم ہے کہ علاقائی تعاون جاری رکھیں۔ مضبوط تعاون کے ساتھ نئی ٹیکنالوجیز اور قابلِ تجدید توانائی کے ذرائع کی تلاش اور تعیناتی کو

یکجا کرنے سے تمام شراکت داروں کو موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کو کم کرنے کے لیے بامعنی، پائیدار پیش رفت کرنے میں مدد ملتی ہے، اور ہم اس کثیر ریاستی معاہدے میں ریاست مین اور ریاست جزیرۂ رہوڈ کا خیرمقدم کرتے ہیں"۔

**کنیکٹیکٹ DEEP کمشنر Katie Dykes نے کہا،** "DEEP علاقائی ہائیڈروجن مرکز ایپلی کیشن ٹیم میں مین اور رہوڈ آئی لینڈ کو شامل کرنے کے لیے پُرجوش ہے۔ ایک بار پھر، جیسا کہ ہم نے علاقائی گرین ہاؤس گیس پہل کاری کے ساتھ کیا ہے، شمال مشرق موسمیاتی تبدیلی اور نقصان دہ فضائی آلودگی سے نمٹنے کے لیے مؤثر اشتراک کی راہ پر گامزن ہے۔ مجھے یقین ہے کہ صاف ہائیڈروجن ٹکنالوجی میں سرمایہ کاری کرنے، کاربن کے اخراج میں نمایاں کمی کرنے، اور کنیکٹیکٹ کی صاف توانائی کی معیشت کو مساوی طریقے سے تعمیر کرنے کے لیے وفاقی فنڈنگ سے فائدہ اٹھا کر سخت محنت کنیکٹیکٹ اور پورے خطے کو بہت فائدہ پہنچائے گی"۔

**گورنر آفس آف کلین انرجی اینڈ گرین اکانومی کی ڈائریکٹر Jane Cohen نے کہا،** "گورنر Murphy کی قیادت میں، نیو جرسی کی آب و ہوا کی پالیسیاں صاف توانائی ٹیکنالوجی کی جدت طرازی پر مرکوز ہیں اور ہماری ریاست کی سبز معیشت کو بڑھا رہی ہیں، جس کے نتیجے میں 4,000 میگاواٹ سے زیادہ شمسی توانائی کی تنصیب اور غیر ملکی ہوا کی ترقی میں اہم پیش رفت ہو گی۔ ہمیں اس علاقائی تعاون میں رہوڈ آئی لینڈ اور مین کا خیرمقدم کرتے ہوئے خوشی ہوئی ہے اور ہم فنڈنگ کے لیے ایک مضبوط تجویز تیار کرنے کے لیے اپنی ریاست اور مفاہمت کی یادداشت کے شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کرنے کے منتظر ہیں"۔

جون 2022 میں، امریکہ کے محکمۂ توانائی (DOE) نے اعلان کیا کہ صاف ہائیڈروجن مراکز کی فنڈنگ کے مواقع کا ایک ابتدائی اعلان (FOA) ستمبر یا اکتوبر 2022 میں جاری کیا جائے گا جس میں متوقع دستیاب فنڈنگ 6-7$ بلین ہے۔ اس ابتدائی فنڈنگ سے 6-10 صاف ہائیڈروجن مراکز کی مدد کی توقع ہے اور سنہ 2023 میں کسی وقت ایوارڈ کی جائے گی۔ مزید 1-2$ بلین مستقبل میں FOA کے آغاز یا دیگر معاون سرگرمیوں کے لیے دستیاب کرائے جا سکتے ہیں۔ تجاویز کو زیادہ سے زیادہ 1.25$ بلین تک نوازا جا سکتا ہے۔

ریاست نیویارک میں ہائیڈروجن کی سرگرمیوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ کرم NYSERDA کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

**ریاست نیویارک کا ملک میں ممتاز آب و ہوا کا منصوبہ**

نیو یارک اسٹیٹ کا ماحولیاتی ایجنڈا اس ملک ماحولیاتی اور ماحول دوست توانائی کا سب سے جارحانہ ہے، جو ماحول دوست توانائی کی جانب ایک منظم اور منصفانہ منتقلی درکار کرتا ہے جو ملازمتیں پیدا کرے گا اور نیو یارک کے COVID-19 کی عالمگیر وباء سے ابھرنے کے ساتھ ساتھ ایک ماحول دوست معیشت کی آبیاری کرنا جاری رکھے گا۔ کلائمیٹ لیڈرشپ اینڈ کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے ذریعے قانون میں شامل کر کے، نیو یارک 2040 تک اپنے اخراج سے پاک بجلی کے شعبے کی تکمیل کے لازمی ہدف کے راستے پر ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابل تجدید توانائی کی پیداوار اور تمام معیشت میں کاربن کی غیر موجودگی حاصل کرنا شامل ہیں۔ اس کی بنیاد صاف توانائی کو بڑھانے کے لیے نیو یارک کی بے مثال سرمایہ کاری پر ہے جس میں ریاست بھر میں 120 بڑے پیمانے پر قابلِ تجدید اور ترسیل کے منصوبوں میں 35$ بلین سے زیادہ، عمارتوں کے اخراج کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کو بڑھانے کے لیے 1.8$ بلین، 1$ بلین سے زائد صاف نقل و حمل کی پہل کاروں کے لیے، اور 1.6$ بلین سے زائد نیو یارک گرین بنک وعدوں کے لیے ہے۔ کل ملا کر، یہ سرمایہ کاریاں 2020 تک نیو یارک کے ماحول دوست توانائی کے شعبے میں تقریباً 158,000 ملازمتوں کی معاونت کر رہی ہیں، جو کہ سولر کی تقسیم کے شعبے میں 2011 سے لے کر 2,100 فیصد اضافہ ہے؛ اور ایک عزم کہ غیر سمندری ہوا کے ذریعے 2035 تک 9,000 میگا واٹس تیار کریں گے۔ کلائمیٹ ایکٹ کے تحت، نیو یارک اس پشرفت کو بروئے کار لے کر آئے گا اور 2050 تک گرین ہاؤس گیس کے اخراجوں کو 1990 کے مقابلے میں 85 فیصد کم کرے گا، اور ساتھ میں اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ماحول دوست سرمایہ کاریوں کے فوائد میں سے 35 فیصد کا رخ، 40 فیصد کے ہدف کے ساتھ، پسماندہ کمیونٹیز کی طرف ہو، اور پیشرفت کو 2025 کے توانائی کے مستعد استعمال کے ہدف، حتمی صارفین کے آن سائٹ توانائی کی کھپت میں 185 ٹریلین BTU کی بچت، کی طرف بڑھائے گا

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں